آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

پریس ریلیز:

جملہ اساتذہ کرام شعبہ سکولز/ ہائیر سیکنڈری سکولز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تحریری امتحان ثانوی فرسٹ اینول **2026**ء ماہ مارچ **2026**ء میں منعقد ہونا متوقع ہے۔ امتحانی ڈیوٹی دینے کے خواہشمند معزز اساتذہ کرام (مرد وخواتین) آن لائن فیڈنگ کے لئے **AJKBISE** کی ویب سائٹ **examduty ajkboard.net** پر جا کر رجسٹریشن/اپلائی کریں۔ درج ذیل نکات قابل توجہ ہیں۔

نمبر شمار	ڈیوٹی	اہلیت
1	**ناظم مرکز**	محکمہ تعلیم کے اساتذہ کرام پرنسپل، سینئر صدر معلمین/معلمات، صدر معلم/صدر معلمہ، سینئر معلمین/معلمات/ ماہرین مضامین ہائیر سیکنڈری سکولز/ ہائی سکولز/صدر معلم/معلمہ مڈل سکول جنہوں نے پہلے بطور ناظم/ نائب ناظم کم از کم ایک سال کام کیا ہو، کو ترجیح دی جائے گی۔
2	**نائب ناظم/ ایڈیشنل نائب ناظم**	محکمہ تعلیم کے اساتذہ کرام ماہرین مضامین، سینئر معلمین/معلمات، سینئر ایلیمنٹری معلمین/معلمات ہائیر سیکنڈری سکولز/ ہائی سکولز/صدر معلم/ معلمہ مڈل سکول جنہوں نے پہلے بطور نائب ناظم کم از کم ایک سال کام کیا ہو، کو ترجیح دی جائے گی۔
3	**نگران**	محکمہ تعلیم کے اساتذہ کرام ایلیمنٹری ٹیچر، ہیڈ/سینئر/ جونیئر کلرک جنہوں نے پہلے بطور نگران کم از کم ایک سال کام کیا ہو، کو ترجیح دی جائے گی۔
4	-	اگر پہلے سے رجسٹرڈ نہیں ہیں تو رجسٹریشن فارم پر جا کر ڈیوٹی کوائف فیڈ کریں۔
5	-	اگر پہلے سے رجسٹرڈ ہیں تو اپلائی فارم پر جا کر اپنے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے **Login** کریں اور چوائسز میں جا کر کوئی سے تین امتحانی مراکز سلیکٹ کریں۔ نیز اپنا ڈیٹا اپ ڈیٹ کریں۔
6	-	بصورت تبادلہ اپنے ادارہ کے ایڈریس، فون نمبر وغیرہ میں کوئی تبدیلی کرنی ہو تو بھی یہاں سے کی جا سکتی ہے۔
7	-	آن لائن اپلائی کرنے کے بعد درخواست فارم ڈاؤن لوڈ / پرنٹ یعنی ہارڈ کاپی بعد از تصدیق سربراہ ادارہ / مجاز اتھارٹی مورخہ **15-01-2026** تک بہر صورت زیر دستخطی کو بذریعہ ڈاک ارسال کریں۔
8	-	جملہ تعیناتیاں صرف متذکرہ امتحان کے لیے اور بورڈ رولز کے مطابق ہوں گی۔
9	-	معاوضہ جات بورڈ قواعد کے مطابق ادا کیے جائیں گے۔

نوٹ: سربراہ ادارہ کی تصدیق شدہ ہارڈ کاپی پر ہی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

29/12/25

(وقاص احمد)

کنٹرولر امتحانات سکولز

05827-960004

نمبر: بورڈ/ثانوی/ 10311-21 مورخہ: 29/12/25

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔

2۔ محترمہ سیکرٹری بورڈ۔

3۔ جملہ آفیسران/ انچارج صاحبان بورڈ ہذا/ علاقائی دفاتر مظفر آباد/ راولاکوٹ۔

4۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور برائے اشاعت بطور خبر۔

5۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ شعبہ کمپیوٹر بورڈ ہذا بغرض **Upload** بطور خبر۔

6۔ پروگرام منیجر صاحب بورڈ ہذا۔

7۔ ڈیٹا سپر وائزر شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔

8۔ صدر صاحب کشمیر پریس کلب میرپور/ مظفر آباد/ پونچھ۔

9۔ معزز نمائندگان روزنامہ نوائے وقت/ جنگ/ اوصاف/ خبریں/ پاکستان/ جناح/ صدائے چنار/ آوازہ/ ایکسپریس/ شاہین/ جذبہ/ عدالت بغرض اشاعت بطور خبر۔

10۔ نمائندہ صاحب پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے پی پی ساجد پلازہ میرپور بطور خبر۔

11۔ آفس ریکارڈ/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔